علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ' اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

ا۔امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے فرد سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔کسی دوسرے طالب علم سے عاریتًہ لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری(PLAGIARISM)پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عربی زبان وادب-I(5619) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: ایم اے اُردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(wordیاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلق بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

ڈاکٹر عبد المجید بغدادی

کورس رابطہ کار۔5619

کل نمبر100 | کامیابی کے نمبر40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ :1تا5)

سوال نمبر:۱ عربی ادب کے تقسیم کن عوامل کے تحت کی جاتی ہے؟ بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر:۲ فن خطابت کی تعریف لکھئے، نثری ادب کی شرائط بھی بیان کیجئے نیز نثر کی ادائیگی کی اقسام تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر:۳ جاہلی شاعری کے الفاظ اور اسالیب بیان مختصر اًلکھئے۔ (20)

سوال نمبر:۴ فن خطابت کی تعریف کیجئے۔ خطابت کی تقسیم میں کس نوع کی تقاریر شامل ہیں؟ (20)

سوال نمبر:۵ قصیدۂ ''بانت سُعاد'' لکھنے میں کون سے عوامل کارفرما رہے ہیں، نیز کعب بن زھیر نے کن حالات کے تحت یہ قصیدہ لکھا؟ (20)

کل نمبر100 | کامیابی کے نمبر40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر:۱ ایک لفظ سے کئی معانی نکالنے کے عمل میں عربی زبان کے وزن پر نوٹ لکھئے۔ (20)

سوال نمبر:۲ واصل بن عطاء کے خطبے پر بحث کیجئے۔ (20)

سوال نمبر:۳ اعجاز وایجاز کے اعتبار سے عربی زبان کی انفرادیت واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر:۴ اردو زبان میں عربی کے استعمال ہونے والے کسی ایک لفظ کی مثال لے کر اشتقاق کا عمل کیجئے۔ تمام الفاظ کے معانی بھی دیجئے۔ (20)

سوال نمبر:۵ مرکب توصیفی کا اردو زبان میں استعمال کس صورت میں کیا جاتا ہے؟ عربی زبان کا مرکب توصیفی اردو جملوں میں استعمال کر کے واضح کیجئے کہ اس کی عربی ترکیب ہونے کی پہچان کیا ہے؟ (20)